# 8

# بل آف ایکسچینج
# (Bill of Exchange)

### سیکھنے کے مقاصد

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوں گے کہ

- بل آف ایکسچینج اور اقراری نوٹ (Promissory Note) کے معنی بیان کر سکیں؛
- بل آف ایکسچینج اور اقراری نوٹ میں فرق واضح کر سکیں؛
- بل آف ایکسچینج کے فوائد بیان کر سکیں؛
- بل سے متعلق لین دین کے جرنل میں اندراج کر سکیں؛
- بل آف ایکسچینج کے مسترد (Dishonour)، قبل ازوقت ادائیگی (Retirement) اور بل کی تجدید (Renewal) سے متعلق لین دین کا اندراج کر سکیں؛
- بل قابل وصول (Bill Receivable) اور بل قابل ادا امدادی بل (Accommodation Bill) کے معنی اور استعمال کو بیان کر سکیں۔

اشیاء کی خرید وفروخت نقد بھی ہوسکتی ہے اور ادھار بھی۔ جب اشیاء کی خرید یا فروخت نقد ہوتی ہے تو ادائیگی فوراً ہو جاتی ہے اس کے برعکس اگر کوئی چیز ادھار خریدی یا فروخت کی جاتی ہے تو ادائیگی آئندہ کی کسی تاریخ تک کے لیے ملتوی کر دی جاتی ہے۔ اس صورت میں عام طور سے فرم مقرّرہ تاریخ پر رقم کی ادائیگی کے لیے فریق پر بھروسہ کرتی ہے لیکن کئی بار عدم ادائیگی یا ادائیگی میں تاخیر سے بچنے کے امکان سے دستاویز کا استعمال کیا جاتا ہے جس کے ذریعے خرید وفروخت کار کو یہ یقین دلاتا ہے کہ رقم کی ادائیگی طے کی گئی شرائط کے مطابق ہی کی جائے گی۔ ہندوستان میں اس اُدھار کے دستاویز (Instrument of Credit) کا استعمال بہت قدیم وقت سے ہوتا ہے جو ہُنڈی (Hundi) کے نام سے مشہور ہے۔ ہُنڈیاں ہندوستانی زبانوں میں لکھی جاتی ہیں اور کئی اقسام کی ہوتی ہیں (دیکھیے باکس 1)۔

**باکس 1**

**ہُنڈیاں اور اس کی اقسام**

ہمارے ملک میں کئی قسم کی ہُنڈیاں استعمال کی جاتی ہیں آیئے ان میں سے جو سب سے زیادہ عام ہیں ان پر بحث کریں۔

شاھجوگ ہُنڈی *(Shahjog Hundi)*: یہ ہُنڈی ایک تاجر دوسرے تاجر کے ذریعے ادائیگی کے لیے لکھتا ہے جس میں موخر الذکر تاجر سے رقم کی ادائیگی شاہ کو کرنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ شاہ بازار کے ایک معتبر اور ذمہ دار شخص کے طور پر جانا

not to be republished © NCERT

جا تا ہے۔ایک شاہجوگ ہنڈی ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں منتقل ہوتی ہوئی شاہ تک پہنچتی ہے جوضروری معلومات کے بعد اسے اس کے منظور کنندہ کے پاس ادائیگی کے لیے پیش کرتا ہے۔

درشنی ھُنڈی (Darshani Hundi): یہ ہُنڈی دیکھتے ہی (At Sight) قابل ادا ہوتی ہے۔ یہ ہُنڈی حامل کو وصول ہونے پر مناسب مدّت میں ادائیگی کے لیےضرور پیش کرنی ہوتی ہے۔ یہ ڈیمانڈ بل (Demand Bill) کے مشابہ ہوتی ہے۔

مدتی ھُنڈی (Muddati Hundi): یہ مدّتی یا معیاری ہُنڈی ایک مخصوص مدّت کے بعد قابل ادا ہوتی ہے۔ یہ ٹائم بل (Time Bill) کے مشابہ ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ کئی اور طرح کی ہُنڈیاں بھی ہوتی ہیں جیسے نام جوگ ہُنڈی، دھنی جوگ ہُنڈی، جوابی ہُنڈی، ہوکامی ہنڈی، فرمان جوگ ہُنڈی وغیرہ۔

آج کل ان اُدھار کے دستاویزوں کو بل آف ایکسچینج یا اقراری (Promissory Note) نوٹ کہا جاتا ہے۔ بل آف ایکسچینج ایک طے شدہ تاریخ پر ایک مقرّرہ رقم کی ادائیگی کا ایک غیر مشروط حکم ہے۔ جبکہ اقراری نوٹ (Promissory Note) ایک مقرّرہ تاریخ پر ایک مقرّرہ رقم کی ادائیگی کا غیر مشروط وعدہ ہے۔ ہندوستان میں یہ دستاویزات ہندوستانی تحویل پذیر دستاویزی قانون (Indian Negotiable Instruments Act) 1881 کے تحت آتی ہیں۔

## 8.1 بل آف ایکسچینج کے معنی (Meaning of Bill of Exchange)

تحویل پذیر دستاویزی قانون 1881 میں بل آف ایکسچینج کی تعریف اس طرح ہے کہ، ایک غیر مشروط تحریری حکم نامہ جو ایک شخص دوسرے شخص کے نام لکھتا ہے اور لکھنے والا اس ہدایت کے ساتھ اپنے دستخط بھی کرتا ہے کہ جس شخص کو یہ حکم نامہ دیا جارہا ہے وہ فلاں تاریخ کو اتنی رقم حامل حکم نامہ کو یا فلاں شخص کو یا پھر جس کے لیے فلاں شخص حکم کرے، ادا کردے۔ اس تعریف سے آف ایکسچینج کی مندرجہ ذیل خصوصیات ظاہر ہوتی ہیں۔

- بل آف ایکسچینج تحریری ہوتا ہے۔
- اس میں رقم کی ادائیگی کا حکم ہوتا ہے۔
- اس میں رقم کی ادائیگی کا حکم غیر مشروط ہوتا ہے۔
- اس میں بل آف ایکسچینج کے لکھنے والے کے دستخط ہوتے ہیں۔
- اس میں ادائیگی کی رقم مخصوص ہوتی ہے۔
- اس میں ادائیگی کی رقم کی تاریخ بھی مقرر ہوتی ہے۔
- بل آف ایکسچینج ایک مخصوص شخص کو قابلِ ادائیگی ہوتا ہے۔

- بل آف ایکسچینج میں درج شدہ رقم یا تو طلب پر یا ایک مقرّرہ وقت کے خاتمے پر قابل ادا ہوتی ہے۔
- قانون کے مطابق اس بل پر مُہر کا ہونا ضروری ہے۔

بل آف ایکسچینج عام طور سے لین دار (Creditor) کے اپنے دین دار (Debtor) کے لیے لکھتا ہے۔ یہ دین دار یا اس کی جانب سے کسی اور شخص کے ذریعے منظور کیا جاتا ہے۔ جب تک یہ منظور نہ کیا گیا ہو محض ایک ڈرافٹ ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر امت نے روہت کو 10,000 روپے کا مال تین ماہ کے لیے اُدھار بیچا۔ مقرّرہ تاریخ پر رقم کی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے امت نے 10,000 روپے کا ایک بل آف ایکسچینج تین ماہ کی مدّت کا روہت پر لکھا۔ روہت کی منظوری سے پہلے یہ ڈرافٹ (Draft) کہلائے گا جب روہت اس پر لفظ ''منظور'' لکھ کر دستخط کرے گا اور منظوری کی اطلاع دے دے گا تبھی یہ بل آف ایکسچینج کہلائے گا۔

### 8.1.1 بل آف ایکسچینج کے فریق (Parties to a Bill of Exchange)

اس بل کے تین فریق ہوتے ہیں:

1۔ مرتّب (Drawer) بل کو بناتا ہے۔ فروخت کار یا لین دار جسے دین دار سے رقم وصول کرنی ہے، خریدار یا دین دار سے ادائیگی لینے کے لیے بل بنا سکتا ہے۔ بل لکھنے کے بعد مرتّب بل پر بطور بنانے والے کے دستخط کرتا ہے۔

2۔ مرتب الیہ (Drawee) وہ شخص ہوتا ہے جس پر بل بنایا یا لکھا گیا ہے مرتب الیہ سامان کا خریدار یا دین دار ہوتا ہے جس کی وجہ سے اُس پر بل لکھا جاتا ہے۔

3۔ پابندہ (Payee) وہ شخص ہوتا ہے جس کو رقم وصول کرنی ہے۔ بل کا مرتب خود ہی پابندہ بھی ہوگا اگر وہ بل کو ادائیگی کی تاریخ تک اپنے پاس رکھتا ہے۔ پابندہ مندرجہ ذیل حالات میں بدل جاتا ہے۔

(a) اگر مرتب بل کو بینک سے بُھنا لیتا ہے تو جس بینک سے بل بُھنایا گیا ہے وہ پابندہ ہوگا۔

(b) اگر مرتب نے بل کا بیچان (Endorsement of Bill) اپنے کسی لین دار کے حق میں کر دیا تو لین دار پابندہ بن جائے گا۔

عام طور پر مرتب اور پابندہ ایک ہی شخص ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ممتا نے جیوتی کو 10,000 روپے کا مال بیچا اور ایک بل اس رقم کا تین ماہ کی مدّت کا لکھا۔ یہاں ممتا بل کی مرتب ہے اور جیوتی مرتب الیہ اگر ممتا بل کو تین ماہ تک اپنے پاس رکھتی ہے اور ادائیگی کی تاریخ پر 10,000 روپے وصول کرتی ہے تو ممتا پابندہ کہلائے گی۔ اگر ممتا اس بل کا بیچان اپنی لین دار روچی کو کر دیتی ہے تو روچی پابندہ کہلائے گی۔ اگر ممتا بل کو بینک سے بُھنا لیتی ہے تو بینکر (Banker) پابندہ کہلائیں گے۔

مندرجہ بالا بل میں ممتا مرتب ہے اور جیوتی مرتب الیہ چونکہ جیوتی نے بل کو منظور کیا ہے اس لیے جیوتی منظور کنندہ (Acceptor) ہے۔ مان لیں جیوتی کی جگہ اگر بل اشوک نے منظور کیا ہے تو اشوک منظور کنندہ کہلائے گا۔

ممتا
نئی دہلی
10,000 روپے
1 اپریل 2011

لکھی تاریخ کے تین ماہ بعد، مجھے یا میرے حکم کے مطابق دس ہزار روپے کی رقم ادا کیجیے جس کی مالیت وصول ہو چکی ہے۔

مہر

منظور کیا
دستخط (دستخط)
جیوتی ممتا
1.4.2011 196 قرول باغ
73-B مہی پال پور نئی دہلی110037 نئی دہلی

کو
جیوتی
73-B، مہی پال پور
نئی دہلی110037

**شکل 8.1** بل آف ایکسچینج کا نمونہ

## اپنے فہم کی جانچ کریں-I

نیچے دیے گئے بل آف ایکسچینج سے متعلق بیانات کے آگے صحیح یا غلط لکھیں:

(i) ایک بل آف ایکسچینج پابندہ منظور کرتا ہے۔
(ii) ایک بل آف ایکسچینج لین دار بناتا یا لکھتا ہے۔
(iii) ایک بل آف ایکسچینج سبھی نقد لین دینوں کے لیے بنایا جاتا ہے۔
(iv) عندالطلب (On Demand) قابل ادائیگی بل وقتی بل کہلاتا ہے۔
(v) بل آف ایکسچینج میں جس شخص کو رقم کی ادائیگی کی جاتی ہے وہ پابندہ کہلاتا ہے۔
(vi) ایک تحویل پذیر دستاویز (Negotiable Instrument) پر اُس کے بنانے والے کے دستخط کی ضرورت نہیں ہوتی۔
(vii) معجّل یا دیکھتے ہی واجب الادا ہُنڈی کو درشنی ہُنڈی کہتے ہیں۔
(viii) ایک تحویل پذیر دستاویز کی منتقلی آزادانہ نہیں ہوتی۔
(ix) اقراری نوٹ (Promissory Note) پر مہر لگانا ضروری نہیں ہے۔
(x) تحویل پذیر دستاویز کی ادائیگی کی تاریخ مقرّر نہیں ہوتی۔

© NCERT not to be republished

## 8.2 اقراری نوٹ (Promissory Note)

تحویل پذیر دستاویزی قانون 1881 کے تحت اقراری نوٹ کی تعریف اس طرح ہے ''ایک تحریری دستاویز (بینک نوٹ یا کرنسی نوٹ نہیں) ہے جس کو لکھنے والا اس پر دستخط کرتا ہے اور غیر مشروط طور پر ایک متعینہ رقم کسی شخص کو یا اس کے حکم کے مطابق کسی دوسرے شخص کو یا اُس شخص کو جو اس اقراری نوٹ کو پیش کر دینے کا وعدہ کرتا ہے۔'' ریزرو بینک آف انڈیا کے قانون (Reserve Bank of India Act) کے تحت ایک اقراری نوٹ حامل (Bearer) کو قابلِ ادا ہونا غیر قانونی ہے اس لیے ایک اقراری نوٹ کسی بھی حامل کو قابل ادا نہیں ہوسکتا۔

اس تعریف کے مطابق جب ایک شخص ایک غیر مشروط تحریری وعدہ کسی متعین شخص یا اس کے حکم کے مطابق کسی دوسرے شخص کو ایک متعینہ رقم کی ادائیگی کے لیے کرتا ہے تو ایسے دستاویز کو اقراری نوٹ کہتے ہیں۔

مندرجہ بالا تعریف سے اقراری نوٹ کی مندرجہ ذیل خصوصیات ظاہر ہوتی ہیں:

- یہ تحریری ہوتا ہے۔
- اس میں رقم کی ادائیگی کا غیر مشروط وعدہ ہوتا ہے۔
- اس میں ادا کی جانے والی رقم متعین ہوتی ہے۔
- اس پر بنانے والے کے دستخط ہوتے ہیں۔
- اس میں بنانے والے کے دستخط ضروری ہوتے ہیں۔
- یہ ایک متعین شخص کو قابلِ ادا ہوتا ہے۔
- اس پر مہر لگی ہونی چاہیے۔

ایک اقراری نوٹ کو کسی کی منظوری کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ اس کا بنانے والا خود اقراری نوٹ کی رقم ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔

اشوک کمار — نئی دہلی

30,000 روپے — 01، اپریل 2011

لکھی تاریخ کے تین ماہ بعد ہریش چندر یا اس کے حکم کے مطابق تیس ہزار روپے ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہوں جس کی مالیت وصول ہو چکی ہے۔

مہر

کو

| | |
|---|---|
| ہریش چندر | اشوک کمار |
| 24، انصاری روڈ | 02، دریبہ کلاں |
| دریا گنج، | چاندنی چوک |
| نئی دہلی 110 002 | دہلی 110 006 |

شکل 8.2: اقراری نوٹ کا نمونہ

© NCERT not to be republished

### 8.2.1 اقراری نوٹ کے فریق (Parties to a Promissory Note)

اقراری نوٹ کے دوفریق ہوتے ہیں:

- بنانے والا یا مرتّب (Drawer or Maker) وہ شخص ہوتا ہے جو اقراری نوٹ بناتا یا لکھتا ہے اور اقراری نوٹ میں لکھی ہوئی معینہ رقم ادا کرتا ہے اسے وعدہ کرنے والا (Promisor) بھی کہتے ہیں۔
- مرتّب الیہ یا پابندہ (Drawee or Payee) وہ شخص ہوتا ہے جس کے حق میں اقراری نوٹ لکھا جاتا ہے۔ اسے موعودلہ (Promisee) کہتے ہیں۔ عام طور سے مرتب الیہ پابندہ بھی ہوتا ہے بشرطیکہ یہ اقراری نوٹ میں لکھا ہو۔

اقراری نوٹ کے نمونے (دیکھیے شکل 8.2)۔ اشوک کمار اقراری نوٹ کا مرتب یا بنانے والا ہے جو 30,000 روپے دینے کا وعدہ کرتا ہے اور ہریش چندر مرتب الیہ یا پابندہ ہے جسے رقم کی ادائیگی کی جانی ہے۔ اگر ہریش اس اقراری نوٹ کا بیچان روہت کے حق میں کرتا ہے تو روہت پابندہ کہلائے گا۔ اسی طرح اگر ہریش چندر اس اقراری نوٹ کو بینک سے بھُنا لیتا ہے تو بینک پابندہ کہلائے گا۔

**باکس 2**

**بل آف ایکسچینج اور اقراری نوٹ میں فرق**

بل آف ایکسچینج اور اقراری نوٹ دونوں ہی اُدھار کے دستاویز ہیں اور کئی طرح سے ایک دوسرے کے مشابہ ہیں پھر بھی ان دونوں میں کچھ بنیادی فرق ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | بُنیاد (Basis) | بل آف ایکسچینج | اقراری نوٹ |
|---|---|---|---|
| 1۔ | مرتب | یہ لین دار کے ذریعے لکھا جاتا ہے | یہ دین دار کے ذریعے لکھا جاتا ہے |
| 2۔ | حکم یا وعدہ اور فریق | اس میں رقم کی ادائیگی کا حکم ہوتا ہے۔ اس میں تین فریق ہوسکتے ہیں۔ مرتب، مرتب الیہ اور پابندہ۔ | اس میں رقم کی ادائیگی کا وعدہ ہوتا ہے۔ اس میں دو فریق ہوتے ہیں مرتب اور پابندہ۔ |
| 3۔ | منظوری | اس میں مرتب الیہ یا اس کی طرف سے کسی اور شخص کی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے۔ | اس میں کسی منظوری کی ضرورت نہیں ہوتی۔ |
| 4۔ | پابندہ | مرتب اور پابندہ ایک ہی فریق ہوسکتے ہیں۔ | نوٹ کا مرتب اس کا پابندہ نہیں ہوسکتا۔ |
| 5۔ | نوٹس یا اطلاع | بل کے مسترد ہونے کی صورت میں بل کا حامل اس کے مسترد ہونے کی اطلاع مرتب کر دیتا ہے۔ | اس میں مسترد ہونے کی اطلاع دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ |

**شکل 8.3:** بل آف ایکسچینج اور اقراری نوٹ میں فرق

© NCERT not to be republished

## 8.3 بل آف ایکسچینج کے فوائد (Advantages of Bill of Exchange)

بل آف ایکسچینج کاروبار میں اُدھار کے دستاویز کے طور پر مندرجہ ذیل فوائد کی وجہ سے بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

- تعلقات کا ماحول (Framework for Relationship): بل آف ایکسچینج ایک ایسا طریقہ پیش کرتا ہے جس کی وجہ سے فروخت کار یا لین دار اور خریدار یا دین دار کے بیچ اُدھار لین دین پر کاروبار کرنا آسان ہو جاتا ہے۔
- شرائط اور پابندیوں کا تیقن (Certainty of Terms and Conditions): لین دار جانتا ہے کہ کس وقت اسے رقم حاصل ہوگی اور دین دار مکمل طور پر اس تاریخ سے باخبر ہوتا ہے جس وقت اسے رقم ادا کرنی ہے۔ یہ اس حقیقت کے سبب ہے کہ بل آف ایکسچینج میں دین دار اور لین دار کے درمیان تمام شرائط پابندیاں تحریری ہوتی ہیں جیسے ادا کی جانے والی رقم، ادائیگی کی تاریخ، ادا کیے جانے والا سود، (اگر ہو) اور ادائیگی کی جگہ وغیرہ۔
- اُدھار کا سہل ذریعہ (Convenient means of credit): بل آف ایکسچینج خریدار کو یہ آسانی فراہم کرتا ہے کہ وہ اُدھار مال خرید کر اس کی رقم کی ادائیگی اُدھار کی مدت ختم ہونے کے بعد کرے جبکہ مال کے فروخت کار کو اُدھار کی طویل مدّت ہونے کے باوجود رقم فوراً یا تو بل کو بینک سے بھُنا کر یا پھر اس کا بیچان کسی تیسرے فریق کے حق میں کر کے مل جاتی ہے۔
- قطعی ثبوت (Conclusive Proof): بل آف ایکسچینج اُدھار کے لین دین کا ایک قانونی ثبوت ہے جو اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ تجارتی عمل کے دوران خریدار نے فروخت کار سے اُدھار سامان حاصل کیا ہے۔ اس لیے اسے فروخت کار کو رقم کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ رقم کی ادائیگی سے انکار کی صورت میں قانونی طور پر لین دار کو ناظر (Notary) سے ایک سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہوتا ہے جو کہ واقعہ کا ثبوت ہوتا ہے۔
- آسان منتقلی (Easy Transferability): قرض کی ادائیگی بل آف ایکسچینج کے بیچان اور سپردگی کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔

### اپنی فہم کی جانچ کریں-II

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں

(i) اقراری نوٹ میں درج رقم جس شخص کو قابلِ ادا ہوتی ہے وہ ____________ کہلاتی ہے۔

(ii) ایک دستخط شدہ تحویل پذیر دستاویز کی منتقلی کسی دوسرے شخص کو ____________ کے نام سے جانی جاتی ہے۔

(iii) اقراری نوٹ میں جو شخص رقم کی ادائیگی کا وعدہ کرتا ہے وہ ____________ کہلاتی ہے۔

(iv) ایک شخص جو اقراری نوٹ کا بیچان کسی دوسرے کے حق میں کرتا ہے وہ ____________ کہلاتا ہے۔

## 8.4 بل کی تکمیل مدّت یا پختگی (Maturity of Bill)

تکمیل مدّت یا پختگی لفظ سے مراد اُس تاریخ سے ہے جس تاریخ کو بل آف ایکسچینج یا اقراری نوٹ کی رقم کی ادائیگی کی جاتی ہے۔ بل کی واجب الادا تاریخ یا ادائیگی کی تاریخ (Maturity Date) نکالنے کے لیے جس تاریخ کو اُدھار کی مدّت ختم ہوتی ہے اس

میں تین دن جنہیں رعایت کے دن کہتے ہیں، جوڑ دیے جاتے ہیں، اور پھر اُسی تاریخ پر دستاویز قابلِ ادا ہوتی ہے۔ اس لیے اگر ایک بل 05 مارچ کو لکھا جاتا ہے جو 30 دن کے بعد قابلِ ادا ہونا ہے تو اس کی ادائیگی کی تاریخ 07 اپریل ہوگی یعنی 5 مارچ سے 33 دن۔ اگر ادائیگی کی مدّت ایک ماہ ہے تو ادائیگی کی تاریخ 08 اپریل ہوگی یعنی 05 مارچ سے ایک ماہ اور تین دن جبکہ اگر ادائیگی کے دن عوامی چھٹّی ہے تو بل کی ادائیگی آخری رعایتی دن سے پہلے کے کاروباری دن میں ہوگی۔ اوپر کی مثال کے مطابق اگر 08 اپریل کو عام چھٹّی ہے تو ادائیگی کی تاریخ 07 اپریل ہوگی۔ تحویل پذیر دستاویزی قانون 1881 کے تحت اگر حکومت ہند نے کسی ایسے دن کی ہنگامی چھٹی کا اعلان کر دیا ہے جو کہ ادائیگی کی تاریخ ہے تو ایسی صورت میں چھٹی کے بعد کا اگلا کاروباری دن ادائیگی کی تاریخ کا دن مانا جائے گا۔ مثلاً گُپتا نے 20,000 روپے کا ایک بل ورما پر لکھا جس کی ادائیگی کی تاریخ 08 اپریل ہے اور حکومت نے 08 اپریل کی چھٹی کا اعلان کر دیا، اب چونکہ 08 اپریل کی چھٹّی ہے تو تحویل پذیر دستاویزی قانون کے تحت اس بل کی ادائیگی کی تاریخ 09 اپریل ہوگی۔

## 8.5 بل کو بھُنانا (Discounting of Bill)

اگر بل کے حامل کو پیسے کی ضرورت ہے تو وہ ادائیگی کی تاریخ سے پہلے بھی بینک پہنچ کر بل کے بدلے نقد حاصل کر سکتا ہے۔ اس صورت میں بینک کچھ سود (اس حالت میں کٹوتی (Discount) کہا جاتا ہے) کاٹ کر بل کی ادائیگی کر دے گا۔ بینک سے بل کے بدلے نقد حاصل (Encashing) کرنے کے عمل بل کا بھُنانا کہتے ہیں۔ بینک مرتب الیہ سے ادائیگی کی تاریخ پر رقم وصول کر لیتا ہے۔

## 8.6 بل کا بیچان (Endorsement of Bill)

کوئی بھی حامل (Holder) بل کو منتقل کر سکتا ہے تاوقتیکہ اس کی منتقلی پر پابندی عائد نہ کی گئی ہو یعنی بل کو اس کی منتقلی کی ممانعت کے الفاظ کے ساتھ سکارا (Negotiated) گیا ہے۔ مرتب بل کو بآسانی بل کے پیچھے اپنے دستخط کر کے اور بیچان کیے جانے والے کا نام لکھ کر بل کو منتقل کر سکتا ہے۔ اس طرح بل پر دستخط کرنے اور منتقل کرنے کا عمل بیچان کہلاتا ہے۔

## 8.7 کھاتہ داری کا عمل (Accounting Treatment)

وہ شخص جو بل کو لکھتا ہے اور بل پھر منظوری کے بعد اس کے پاس واپس آجاتا ہے تو یہ بل اُس شخص کے لیے قابل وصول بل (Bills Receivable) ہے۔ وہ شخص جو اس بل کو منظور کرتا ہے اُس کے لیے وہ قابل ادا بل (Bill Payable) ہے۔ اقراری نوٹ کی صورت میں بل لکھنے والے کے لیے یہ بل قابلِ ادا ہے جبکہ جس کے حق میں یہ اقراری بنایا گیا ہے اس کے لیے یہ بل قابل وصول ہے۔ قابلِ وصول بل اثاثہ ہے جبکہ بل قابلِ ادا دین داری۔ بل اور نوٹ کا استعمال ادل بدل کر ہوتا ہے۔

### 8.7.1 مرتب یا وعدہ کرنے والے کی کتابوں میں
### (In the Books of Drawer/ Promissor)

ایک قابلِ وصول بل کو وصول کرنے والا چار طرح سے استعمال کرسکتا ہے:

1۔ وہ بل کو ادائیگی کی تاریخ تک اپنے پاس رکھ سکتا ہے اور

(a) ادائیگی کی تاریخ پر براہ راست جا کر رقم وصول کر لیتا ہے، یا

(b) اپنے بینکر کے ذریعے رقم وصول کرتا ہے۔

2۔ وہ بل کو بینک سے بھُنا سکتا ہے۔

3۔ وہ بل کا بیچان اپنے کسی لین دار (Creditor) کے حق میں کرسکتا ہے۔

مرتب یا بل وصول کرنے والے کی کتابوں میں اوپر دی گئی چاروں متبادل صورتوں کے کھاتے داری کا عمل نیچے دیا گیا ہے یہ مانتے ہوئے کہ بل کی ادائیگی منظور کنندہ نے ادائیگی کی تاریخ پر کردی ہے۔

(1) جب مرتب بل کو ادائیگی کی تاریخ تک اپنے پاس رکھتا ہے۔

بل وصول کرنے پر

Bills Receivable A/c Dr.
To Debtors A/c

بل کی مدت تکمیل پوری ہونے پر

Cash/Bank A/c Dr.
To Bills Receivable A/c

جب مرتب بل کو اپنے پاس رکھتا ہے اور ادائیگی کی تاریخ سے کچھ دن پہلے بینک میں جمع کے لیے بھیج دیتا ہے تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل دو اندراجات کئے جاتے ہیں:

بل جمع کے لیے بھیجنے پر

Bills Sent for Collection A/c Dr.
To Bills Receivable A/c

بینک سے اطلاع ملنے پر کہ بل جمع یا وصول کر لیا گیا ہے۔

Bank A/c Dr.
To Bills Sent for Collection A/c

(2) مرتب یا وصول کرنے والا جب بل کو بینک سے بھُنا لیتا ہے:

بل وصول ہونے پر

Bills Receivable A/c Dr.
To Debtors A/c

بل کو بُھنانے پر

| | |
|---|---|
| Bank A/c | Dr. |
| Discount A/c | Dr. |
| To Bills Receivable A/c | |

**واجب الادا ہونے کی تاریخ پر (On Maturity)**

کوئی اندراج نہیں ہوتا کیونکہ بل اب بینک کی ملکیت ہے اس لیے بینک بل کی رقم کو منظور کنندہ سے وصول کرتا ہے اور مرتب کی کتابوں کے جرنل میں کوئی اندراج نہیں ہوتا۔

(3) جب بل کا وصول کرنے والا بل کا بیچان اپنے لین دار کے حق میں کر دیتا ہے:

بل وصول ہونے پر

| | |
|---|---|
| Bills Receivable A/c | Dr. |
| To Debtor's A/c | |

بل کا بیچان کرنے پر

| | |
|---|---|
| Creditor's A/c | Dr. |
| To Bills Receivable A/c | |

**واجب الادا ہونے کی تاریخ پر**

کوئی اندراج نہیں ہوتا کیونکہ بل لین دار کے حق میں منتقل کیا جا چکا ہے اس لیے اب لین دار بل کا مالک ہے اور ادائیگی کی تاریخ پر وہی رقم وصول کرے گا۔ اس لیے مرتب یا بیچان کرنے والے کی کتابوں میں کوئی اندراج نہیں ہوگا۔

### 8.7.2 منظور کنندہ کی کتابوں میں *(In the Books of Acceptor/Promissor)*

منظور کنندہ کی کتابوں میں سبھی چاروں متبادل صورتوں میں مندرجہ ذیل جرنل اندراجات کی جائیں گی۔ چاہے بل کو اپنے پاس رکھا گیا ہو، بھُنا لیا گیا ہو یا بیچان کر دیا گیا۔

بل منظور کرنے پر

| | |
|---|---|
| Creditor's A/c | Dr. |
| To Bills Payable A/c | |

بل کے واجب الادا ہونے کی تاریخ پر *(On Maturity of the Bill)*

| | |
|---|---|
| Bills Payable A/c | Dr. |
| To Bank A/c | |

© NCERT not to be republished

## باکس 3

| لین دین | مرتب یالین دار کی کتابیں | منظور کنندہ یا دین دار کی کتابیں |
|---|---|---|
| **1۔ جب مرتب بل کوادائیگی کی تاریخ تک اپنے پاس رکھتا ہے اورادائیگی کی تاریخ پر براہِ راست بل کی رقم وصول کر لیتا ہے۔** | | |
| لین دین | مرتب یالین دار کی کتابیں | منظور کنندہ یا دین دار کی کتابیں |
| اشیا کی فروخت/خریداری | Debtor's A/c Dr.<br>To Sales A/c | Purchases A/c Dr.<br>To Creditor's A/c |
| بل کے وصول یابی/منظوری پر | Bills Receivable A/c Dr.<br>To Debtor's A/c | Creditor's A/c Dr.<br>To Bills Payable A/c |
| بل کے جمع کرنے پر | Cash/Bank A/c Dr.<br>To Bills Receivable A/c | Bills Payable A/c Dr.<br>To Cash/Bank A/c |
| **2۔ جب مرتب بل کواپنے پاس رکھتا ہے اورادائیگی کی تاریخ سے کچھ دن پہلے وہ بینک میں جمع کرنے بھیج دیتا ہے** | | |
| لین دین | مرتب یالین دار کی کتابیں | دین دار یا منظور کنندہ کی کتابیں |
| اشیاء کی فروخت/خریدار | Debtor's A/c Dr.<br>To Sales A/c | Purchases A/c Dr.<br>To Creditor's A/c |
| بل کے وصول کرنے/منظور کرنے پر | Bills Receivable A/c Dr.<br>To Debtor's A/c | Creditor's A/c Dr.<br>To Bills Payable A/c |
| بل جمع کرنے کے لیے بھیجنے پر | Bills sent for collection A/c Dr.<br>To Bill Receivable A/c | No entry |
| بینک سے اطلاع ملنے پر کہ بل جمع ہو چکا ہے | Bank A/c Dr.<br>To Bill Sent for Collection A/c | Bills Payable A/c Dr.<br>To Bank A/c |
| **3۔ جب مرتب بل کو بینک سے بھُنا لیتا ہے** | | |
| لین دین | مرتب/لین دار کی کتابیں | منظور کنندہ یا دین دار کی کتابیں |
| اشیائی کی فروخت/خریداری پر | Debtor's A/c Dr.<br>To Sales A/c | Purchases A/c Dr.<br>To Creditor's A/c |
| بل کے وصول کرنے/منظور کرنے پر | Bills Receivable A/c Dr.<br>To Debtor's A/c | Creditor's A/c Dr.<br>To Bills payable A/c |
| بل کے بھُنانے پر | Bank A/c Dr.<br>Discount A/c Dr.<br>To Bills Receivable A/c | No Entry |
| ادائیگی کی تاریخ پر | No entry | Bills payable A/c Dr.<br>To Bank A/c |

© NCERT not to be republished

**4۔ جب مرتب بل کا بیچان اپنے کسی لین دار کے حق میں کر دیتا ہے۔**

| لین دین | مرتب/ لین دار کی کتابیں | منظور کنندہ یا دین دار کی کتابیں |
|---|---|---|
| اشیاء کی فروخت/خریداری پر | Debtor's A/c Dr.<br>To Sales A/c | Purchase A/c Dr.<br>To Creditor's A/c |
| بل کے وصول کرنے/منظور کرنے پر | Bills Receivable A/c Dr.<br>To Debtor's A/c | Creditor's A/c Dr.<br>To Bills payable A/c |
| بل کے بیچان پر | Creditor's A/c Dr.<br>To Bills Receivable A/c | No entry |
| بل کی ادائیگی کی تاریخ پر تکمیل مدت<br>(Maturety) | No entry | Bills payable A/c Dr.<br>To Bank A/c |

چاروں متبادل صورتوں میں مرتب اور منظور کنندہ کی کتابوں میں کی جانے والی جرنل اندراجات اوپر دی گئی ہیں۔

**مثال 1**

1 جنوری 2010 کو امِت نے سمت کو 120,000 روپے کا مال اُدھار بیچا۔ امت نے ایک بل اس رقم کا سمت پر تین ماہ کی مدّت کا لکھا۔ سمت نے بل منظور کر کے امت کو واپس کر دیا۔ ادائیگی کی تاریخ پر امت نے اپنی منظوری دیدی۔

مندرجہ ذیل صورتوں میں جنرل اندراجات کریں۔

(i) امت نے ادائیگی کی تاریخ تک بل کو اپنے پاس رکھا اور پھر براہِ راست رقم وصول کی۔

(ii) امت نے بل کو بینک سے 12% سالانہ کی در سے بھُنا لیا۔

(iii) امت نے بل کا بیچان اپنے لین دار انکت کے حق میں کر دیا

(iv) امت نے 31، مارچ 2006 تک بل اپنے پاس رکھ کر اُسے بینک میں جمع کے لیے بھیج دیا اور 05، اپریل 2010 کو بینک سے اطلاع موصول ہوئی۔

© NCERT not to be republished

حل

## امت کی کتابیں

## جرنل

(i) جب بل ادائیگی کی تاریخ (Maturity) تک روکا جاتا ہے۔

| تاریخ | تفصیلات | | L.F | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 01، جنوری | Sumit's A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sales A/c | | | | 20,000 |
| | (سِمت کو اُدھار مال فروخت) | | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sumit's A/c | | | | 20,000 |
| | (تین ماہ کے لیے مدّت کی سمت کی منظوری ملی) | | | | |
| 05، اپریل | Bank A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت سے ادائیگی کی تاریخ پر رقم) | | | | |

(ii) جب بل کو ادائیگی کی تاریخ تک مرتب اپنے پاس رکھتا ہے۔

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | L.F | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 01، جنوری | Sumit's A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | بکری کھاتہ | | | | 20,000 |
| | (سِمت کو اُدھار مال فروخت) | | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sumit's A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت سے تین ماہ کی منظوری ملی) | | | | |
| 01، جنوری | Bank A/c | Dr. | | 19,400 | |
| | چھوٹ (رعایت) کھاتہ | Dr. | | 600 | |
| | To Bil Recivable A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت کی منظوری کو بینک سے بھُنا لیا) | | | | |

© NCERT not to be republished

(iii) جب امت بل کا بیچان اپنے لین دار انکت کے حق میں کر دیتا ہے۔

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | L.F | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 01، جنوری | سمت کھاتہ | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sales A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت کو اُدھار مال بیچا) | | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sumit's A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت سے تین ماہ کی منظوری ملی) | | | | |
| 01، جنوری | انکت کھاتہ | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bil Recivable A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت کی منظوری کا بیچان انکت کے حق میں ہوا) | | | | |

(iv) جب اِمت بل کو بینک میں جمع ہونے کے لیے بھیج دیتا ہے

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 01، جنوری | Sumit's A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sales A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت کو اُدھار مال بیچا) | | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Sumit's A/c | | | | 20,000 |
| | (سمت سے تین ماہ کی منظوری ملی) | | | | |
| 31، مارچ | Bills Sent for Collection A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bil Recivable A/c | | | | 20,000 |
| | (بل جمع ہونے بھیج دیا) | | | | |
| 05، اپریل | Bank A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bills sent for collection A/c | | | | 20,000 |
| | (بل بینک کے ذریعے جمع کر لیا گیا) | | | | |

© NCERT not to be republished

سُمِت کی کتابوں میں ان سبھی چار صورتوں میں مندرجہ ذیل جرنل اندراجات کی جائیں گی۔

## سمت کی کتابوں میں

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | L.F | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 01، جنوری | Purchase A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Amit's A/c | | | | 20,000 |
| | (اِمت سے اُدھار مال خریدا) | | | | |
| 01، جنوری | Amit's A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bills Payable A/c | | | | 20,000 |
| | (امت کے بل کو تین ماہ کی منظوری دی) | | | | |
| 04، اپریل | Bills Payable A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bank A/c | | | | 20,000 |
| | (تکمیل مدت پر رقم ادا کی) | | | | |

**مثال 2**

15، مارچ 2010 کو رمیش نے 8000 روپے کا اُدھار مال دیپک کو بیچا، دیپک نے رمیش کا لکھا ہوا تین ماہ کی مدّت کا ایک بل منظور کیا۔ 15، اپریل کو رمیش نے اس بل کا بیچان اپنی لین دار پونم کے حق میں 8250 روپے کے قرضے بدلے مکمل حساب کے طور پر کر دیا۔ 15 مئی کو پونم نے 12% سالانہ در سے بینک سے بل بھنالیا۔ ادائیگی کی تاریخ پر دیپک نے بل کی رقم ادا کر دی۔ رمیش، دیپک اور پونم کی کتابوں میں ضروری جرنل اندراجات کریں۔

## رمیش کی کتابیں

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 15، مارچ | دیپک کھاتہ | Dr. | | 8,000 | |
| | بکری کھاتہ کو | | | | 8,000 |
| | (دیپک کو اُدھار مال بیچا) | | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 15، مارچ | Bills Receivable A/c Dr.<br>To Deepak A/c<br>(دیپک کی منظوری تین ماہ کے لیے ملی) | | 8,000 | <br>8,000 |
| 15، مارچ | Poonam's A/c Dr.<br>To Bills Receivable A/c<br>To Discount Received A/c<br>(پونم کو بل کا بیچان 8250 روپے کے قرض کے مکمل حساب کے طور پر کیا گیا) | | 8,000 | <br>8,000<br>250 |

## دیپک کی کتابیں

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010<br>05، مارچ | <br>Purchases A/c Dr.<br>To Ramesh A/c<br>(رمیش سے اُدھار مال خریدا) | | <br>8,000 | <br><br>8,000 |
| 05، مارچ | To Ramesh's A/c Dr.<br>To Bills Payable A/c<br>(رمیش کے لکھے بل کو تین ماہ کی منظوری دی) | | 8,000 | <br>8,000 |
| 18، جون | Bills Payable A/c Dr.<br>To Bank A/c<br>(ادائیگی کی تاریخ پر رقم ادا کی) | | 8,000 | <br>8,000 |

© NCERT not to be republished

## پونم کی کتابیں

### جرنل

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010<br>15، مارچ | Bills Receivable A/c Dr. | | 8,000 | |
| | Discount Allowed A/c Dr. | | 250 | 82,500 |
| | To Ramesh's A/c<br>(رمیش نے دیپک کی منظوری کا بیچان ہمارے حق میں کیا جو 8250 روپے کی ادائیگی تھی مکمل حساب کے طور پر) | | | |
| 15، مارچ | Bank A/c Dr. | | 7,920 | |
| | Discount Allowd A/c Dr. | | 80 | |
| | To Deepak A/c<br>(بل کو بینک سے بھُنا لیا گیا) | | | 8,000 |

## 8.8 بل کا استرداد/ ناقابل ادائیگی ہونا(Dishonour of a Bill)

جب مرتب الیہ (Drawee) ادائیگی کی تاریخ پر بل کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو اُسے بل کا استرداد (Dishonour) ہو جانا کہتے ہیں۔ ایسی صورت میں منظور کنندہ کی دین داری پہلے جیسی بنی رہتی ہے۔ اس لیے بل وصول کرنے کی اُلٹی انٹری یا اندراج کر دینا چاہیئے۔ مثلاً انجو کو منجو سے منظور کیا ہوا بل وصول ہوا جو کہ مسترد ہو گیا۔ استرداد کے ان اندراجات کو انجو (وصول کنندہ) کی کتابوں میں مندرجہ ذیل طریقے سے دکھائیں گے۔

جب انجو بل کو ادائیگی کی تاریخ (Maturity) تک اپنے پاس رکھتی ھے

Manju's A/c Dr.
    To Bill Receivables A/c

جب انجو بل کا بیچان سندھیا کے حق میں کر دیتی ھے

Manju's A/c Dr.
    To Sandhaya's A/c

جب انجو بل کو بینک سے بھُنا لیتی ھے

Manju's A/c Dr.
    To Bank A/c

© NCERT not to be republished

جب انجو بل کو بینك میں جمع ہونے کے لیے بھیج دیتی ھے

Manju's A/c Dr.

To Bill Sent for Collection A/c

**مثال 3**

01، جنوری 2006 کو شیبا نے وشال کو 10,000 روپے کا مال بیچا اور اُس پر ایک بل آف ایکسچینج دو ماہ کی مدّت کا لکھا۔ وشال نے بل منظور کیا اور شیبا کو واپس کر دیا۔ ادائیگی کی تاریخ پر وشال کے ذریعے بل نا قابل ادا ہو گیا۔ نیچے دی ہوئی سبھی صورتوں کا اندراج شیبا اور وشال کی کتابوں میں کرو:

(i) جب شیبا بل کو ادائیگی کی تاریخ تک اپنے پاس رکھتی ہے؛

(ii) جب شیبا بل کو 200 روپے کی کٹوتی پر بھُنا لیتی ہے؛

(iii) جب شیبا بل کا بیچان لال چند کو کر دیتی ہے۔

**حل**

(i) جب شیبا نے بل کو ادائیگی کی تاریخ تک اپنے پاس رکھا۔

**شیبا کی کتابیں**

**جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| 01، جنوری | Vishal's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Ramesh's A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کو اُدھار مال بیچا) | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Vishal's A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کی منظوری ملی) | | | |
| 04، مارچ | Vishal's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 10,000 |
| | (وشال نے اپنی منظوری کو مسترد کیا) | | | |

© NCERT not to be republished

(ii) جب شیبا نے بل کو بھُنا لیا

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| 01، جنوری | Vishal's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Sales A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کو مال بیچا) | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Vishal's A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کی منظوری ملی) | | | |
| 01، جنوری | Bank A/c Dr. | | 9,800 | |
| | Discount A/c | | 200 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 10,000 |
| | (بل کو بینک سے بھُنا لیا) | | | |
| 04، مارچ | Vishal's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Bank A/c | | | 10,000 |
| | (وشال نے اپنی منظوری کو مسترد کیا) | | | |

(ii) جب شیبا نے بل کا بیچان لال چند کو کر دیا

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| 01، جنوری | Vishal's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Sales A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کو مال بیچا) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Vishal's A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کی منظوری ملی) | | | |
| 01، جنوری | Lal Chand's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 10,000 |
| | (وشال کی منظوری کا بیچان لال چند کو کیا) | | | |
| 04، مارچ | Vishal's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Lal Chand's A/c | | | 10,000 |
| | (بیچان کیے ہوئے بل کو وشال نے مسترد کیا) | | | |

جبکہ وشال کی کتابوں میں مندرجہ ذیل اندراجات کیے جائیں گے۔

**وشال کی کتابیں (جرنل)**

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | |
| 01، جنوری | Purchases A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Shieba's A/c | | | 10,000 |
| | (شیبا سے مال خریدا) | | | |
| 01، جنوری | Shieba's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | to Bills Payable A/c | | | 10,000 |
| | (شیبا کے ڈرافٹ کو منظوری دی) | | | |
| 04، مارچ | Bills Payable A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Shieba's A/c | | | 10,000 |
| | (شیبا کے حق میں دی گئی منظوری مسترد ہوئی) | | | |

### 8.8.1 ناظری اخراجات *(Noting Charges)*

بل آف ایکسچینج تکمیل مدت (Maturity) پر ادائیگی کے لیے ضرور پیش کیا جانا چاہیئے۔ اگر ادائیگی کی تاریخ پر بل پیش نہ کیا جائے تو مرتب الیہ اپنی دین داری سے بری الذمّہ (Absolved) ہو جاتا ہے۔ بل کے صحیح طور پر پیش کرنے سے مراد یہ ہے کہ بل منظور کنندہ کو ادائیگی کی تاریخ پر کاروباری اوقات (Working hour) کے دوران ہی پیش کیا جانا چاہیئے۔ بل صحیح طور پر پیش کیے جانے کے باوجود مسترد ہو گیا۔ اس بات کو ثابت کرنے کے لیے اسے کسی عوامی ناظر (Notary Public) کی تصدیق یا اس

© NCERT not to be republished

کی نوٹنگ (Noting) کی ضرورت ہوتی ہے۔ نوٹنگ سے ادائیگی نہ ہونے (Dishonour) کی تصدیق ہوتی ہے۔ اپنی اس خدمت کے بدلے عوامی ناظر کچھ فیس وصول کرتا ہے جسے ناظِری اخراجات (Noting Charges) کہتے ہیں۔

ناظر عام طور سے مندرجہ ذیل امور کی تصدیق کرتا ہے:

- استرداد کی تاریخ، حقائق اور وجوہات؛
- اگر بل واضح یا ظاہری طور پر مسترد نہیں ہوا تو وہ وجوہات جن کی بنا پر اُس نے بل کو مسترد مانا؛
- ناظری اخراجات کی رقم

مرتب کی کتابوں میں ناظری اخراجات کے مندرجہ ذیل اندراجات ہوتے ہیں۔

جب مرتب ناظری اخراجات خود ادا کرتا ھے

Drawee's A/c Dr.

To Cash A/c

جب بیچان پانے والا ادا کرتا ھے

Drawee's A/c Dr.

To Endorsee A/c

جب بینك بھنائے گئے بل پر ادا کرتا ھے

Drawee's A/c Dr.

To Bank A/c

بل کو بینك میں جمع کے لیے بھیجے جانے کی صورت میں بینك ادا کرے

Drawee's A/c Dr.

To Bank A/c

یہاں یہ بات دھیان میں رکھنے کی ہے کہ ناظری اخراجات کوئی بھی ادا کرے، آخر کار یہ مرتب الیہ کو ہی برداشت کرنے ہوں گے۔ اسی لیے مرتب الیہ کو ہی مرتب کی کتابوں میں ڈیبٹ کرتے ہیں ایسا اس لیے کرتے ہیں چونکہ بل کے مسترد (Dishonour) کا ذمّہ دار وہی ہے اس لیے اسی کو ان اخراجات کی ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ ناظری اخراجات کے اندراج کے لیے مرتب الیہ (Drawee) اپنی کتابوں میں ناظری اخراجات کا کھاتہ کھولتا ہے وہ ناظری اخراجات کو ڈیبٹ میں اور مرتب کو جمع کھاتے یا کریڈٹ میں درج کرتا ہے۔ مثال کے طور پر 01، جنوری 2006 کو آزاد نے بنٹی کو 15,000 کا مال بیچا اور فوراً ایک بل تین ماہ کی مدّت کا اُس پر لکھ دیا۔ ادائیگی کی تاریخ پر بل مسترد ہو گیا اور بل کے حامل نے 50 روپے ناظری اخراجات کے طور پر ادا کیے مندرجہ ذیل صورتحال میں آزاد اور بنٹی کی کتابوں میں مندرجہ ذیل جرنل اندراجات ہوں گی:

© NCERT not to be republished

(a) جب آزاد نے ادائیگی کی تاریخ تک بل کو اپنے پاس رکھا۔
(b) جب آزاد نے فوراً بینک سے 12% سالانہ در سے بل کو بھُنا لیا۔
(c) جب آزاد نے بل کا بیچان اپنی لین دار چترا کے حق میں کر دیا۔

آزاد کی کتابوں میں مندرجہ ذیل اندراجات ہوں گی:

**آزاد کی کتابیں (جرنل)**

| تاریخ | تفصیلات | L.F | نام<br>رقم | جمع<br>رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2006<br>01، جنوری | Bunty's A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Sales A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کو سامان بیچا) | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Bunty's A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کی منظوری ملی) | | | |
| 04، اپریل | Bunty's A/c Dr. | | 15,050 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 15,000 |
| | To Cash A/c | | | 50 |
| | (بنٹی کی منظوری مسترد ہوگئی اور ناظری اخراجات 50 روپے ادا کیے) | | | |

(ii) جب بل کو بینک سے بھُنا لیا گیا۔

**جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | L.F. | نام<br>رقم | جمع<br>رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2006<br>01، جنوری | Bunty's A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Sales A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کو سامان بیچا) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Bunty's A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کی منظوری تین ماہ کی لیے ملی) | | | |
| 01، جنوری | Bank A/c Dr. | | 14,550 | |
| | Discount A/c Dr. | | 450 | 15,000 |
| | To Bills Receivable A/c | | | |
| | (بنٹی کی منظوری کا بل بھُنا لیا گیا) | | | |
| 04، اپریل | Bunty's A/c Dr. | | 15,050 | |
| | To Bank A/c | | | 15,050 |
| | (بنٹی کی منظوری مسترد ہوگئی اور بینک نے ناظری اخراجات ادا کیے) | | | |

(iii) جب بل کا بیچان چترا کو کر دیا گیا

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2006 | | | | |
| 01، جنوری | Bunty's A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Sales A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کو سامان بیچا) | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Bunty's A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کی منظوری ملی) | | | |
| 01، جنوری | Chitra's A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 15,000 |
| | (بنٹی کی منظوری کا بیچان چترا کو کیا) | | | |
| 04، اپریل | Bunty's A/c Dr. | | 15,050 | |
| | To Chitra's A/c | | | 15,050 |
| | (بنٹی کی منظوری مسترد ہوگئی اور چترا نے 50 روپے کے ناظری اخراجات ادا کیے) | | | |

© NCERT not to be republished

مندرجہ بالا تینوں صورتوں میں بنٹی کی کتابوں میں مندرجہ ذیل اندراجات ہوں گے۔

**بنٹی کی کتابیں**

**جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | | L.F | نام<br>رقم | جمع<br>رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2006 | | | | | |
| 01،جنوری | Purchases A/c | Dr. | | 15,000 | |
| | To Azad's A/c | | | | 15,000 |
| | (آزاد سے سامان خریدا) | | | | |
| 01،جنوری | Azad'a A/c | Dr. | | 15,000 | |
| | To Bills Payable A/c | | | | 15,000 |
| | (آزاد کے ڈرافٹ کو منظوری دی) | | | | |
| 04،اپریل | Bills Payable A/c | Dr. | | 15,000 | |
| | Noting Charges A/c | Dr. | | 50 | |
| | To Azad's | | | | 15050 |
| | (آزاد کو دی ہوئی منظوری مسترد ہوگئی) | | | | |

© NCERT not to be republished

## 8.9 بل کی تجدید(Renewal of the Bill)

کبھی کبھی بل کا منظور کنندہ بل کی ادائیگی کی تاریخ پر ادا کرنے میں قاصر ہوتا ہے۔ لہٰذا ایسی صورت میں وہ مرتب (Drawer) کے پاس ادائیگی کی مدّت بڑھانے کی درخواست کرتا ہے۔ اگر یہ درخواست مان لی جاتی ہے تو پرانا بل منسوخ ہو جاتا ہے اور نیا بل ادائیگی کی نئی شرائط کے مطابق منظور کر کے لکھ دیا جاتا ہے۔ یہ عمل بل کی تجدید کہلاتا ہے۔ چونکہ بل آپسی رضامندی سے منسوخ کیا گیا ہے اس لیے بل کی تصدیق مسترد (Noting) کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔

مرتب الیہ بڑھائی گئی اُدھار کی مدّت کے عوض میں مرتب کو سود دیتا ہے۔ یہ سود یا تو نقد دیا جاتا ہے یا پھر نئے بل میں جوڑ دیا جاتا ہے۔ کبھی کبھی ادائیگی کی رقم کا ایک حصّہ ادا کر دیا جاتا ہے اور بقیہ رقم کا نیا بل لکھ دیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر 10,000 روپے کا بل 3,000 روپے کی نقد ادائیگی پر منسوخ کر دیا گیا اور ایک نیا بل 7000 روپے کا سود سمیت فریقین کی آپسی رضامندی سے منظور کر لیا گیا۔ مرتب اور مرتب الیہ کی کتابوں میں جرنل اندراج ویسے ہی رہیں گے جیسے بل کے مسترد کا اندراج

ہوتا ہے۔ اگر سود کی رقم نقد ادا نہیں کی جاتی تو مرتب، مرتب الیہ کے کھاتے کو ڈیبٹ میں اور سود کو جمع کھاتے یا کریڈٹ میں دکھاتا ہے جبکہ مرتب الیہ اپنی کتابوں میں سود کو ڈیبٹ کرتا ہے اور مرتب کے کھاتے میں کریڈٹ دکھاتا ہے۔

تجدید کی صورت میں مرتب اور مرتب الیہ کی کتابوں میں پرانے بل کی منسوخی، سود اور نئے بل کی منظوری سے متعلق جرنل اندراجات مندرجہ ذیل طریقے سے ہوں گے:

| لین دین | مرتب کی کتابیں | مرتب الیہ کی کتابیں |
|---|---|---|
| پرانے بل کے منسوخ ہونے پر | Drawee's A/c Dr.<br>To Bills Receivable A/c | Bills Payable A/c Dr.<br>To Drawer's A/c |
| سود | Drawee's A/c Dr.<br>To Interest A/c | Interest A/c Dr.<br>To Drawer's A/c |
| نیا بل | Bill Receivable A/c Dr.<br>To Drawee's A/c | Drawer's A/c Dr.<br>To Bills Payable A/c |

مثال کے طور پر 1، فروری 2006 کو روی نے موہن کو 18,000 روپے کا اُدھار مال بیچا۔ موہن نے 3000 روپے کی نقد ادائیگی اور بقیہ رقم کے لیے تین ماہ کی مدّت کا بل منظور کیا۔ ادائیگی کی تاریخ پر موہن نے روی سے پرانا بل منسوخ کرنے اور اس کی جگہ دو ماہ کی مدّت کا نیا بل لکھنے کی درخواست کی۔ موہن نے 12% سالانہ کی در سے سود نقد دینے کا فیصلہ کیا۔ روی نے موہن کی درخواست مانتے ہوئے پرانا بل منسوخ کر کے ایک نیا بل لکھا۔ ادائیگی کی تاریخ پر موہن نے بل کی رقم ادا کر دی۔ اس صورت میں روی اور موہن کی کتابوں میں مندرجہ ذیل اندراجات ہوں گے۔

**روی کی کتابیں (جرنل)**

| تاریخ | تفصیلات | | L.F | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2006 | | | | | |
| 01، فروری | Mohan's A/c | Dr. | | 18,000 | |
| | To Sales A/c | | | | 18,000 |
| | (موہن کو سامان بیچا) | | | | |
| 01، فروری | Cash A/c | Dr. | | 3,000 | |
| | Bills Receivable A/c | Dr. | | 15,000 | |
| | To Mohans' A/c | | | | 18,000 |
| | (روی کو 3,000 روپے نقد دیے اور بقیہ کی منظوری ملی) | | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 01، مئی | Mohna's A/c Dr. | | 15,300 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 15,000 |
| | To Interest A/c | | | 300 |
| | (پرانے بل کو منسوخی اور تجدید پر 100 روپے کے سود کا چارج) | | | |
| 04، مئی | Bills Receivable A/c Dr. | | 15,000 | |
| | Cash A/c Dr. | | 300 | |
| | To Mohan's A/c | | | 15,300 |
| | (موہن سے نئی منظوری ملی) | | | |
| 07، جولائی | Bank A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Bills Receivable A/c | | | 15,000 |
| | (موہن نے بل ادا کیا) | | | |

## موہن کی کتابیں (جرنل)

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2006 | | | | |
| 01،فروری | Purchases A/c Dr. | | 18,000 | |
| | To Ravi A/c | | | 18,000 |
| | (روی سے اُدھار مال خریدا) | | | |
| 01،فروری | Ravi's A/c Dr. | | 18,000 | |
| | To Cash's A/c | | | 3,000 |
| | To Bill Payable A/c | | | 15,000 |
| | (روی کو نقد اور منظوری دی) | | | |
| 04،مئی | Bills Payable A/c Dr. | | 15,000 | |
| | Interest A/c Dr. | | 300 | |
| | To Ravi A/c | | | 15,300 |
| | (پرانا بل کو منسوخ کر تجدید پر 100 روپے کا سود) | | | |
| 04،مئی | Ravi A/c Dr. | | 15,300 | |
| | To Bills Payable A/c | | | 15,000 |
| | To Cash A/c | | | 3,000 |
| | (نیا بل منظور کیا اور سود نقد دیا) | | | |
| 07، جولائی | Bills Payable A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Bank A/c | | | 15,000 |
| | (نیا بل ادائیگی کی تاریخ پر ادا کیا) | | | |

© NCERT not to be republished

## 8.10 بل کی قبل از وقت ادائیگی (Retiring of the Bill)

بہت سے ایسے مواقع پیش آتے ہیں جب بل آف ایکسچینج کی ادائیگی کا انتظام اس کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے مرتب اور مرتب الیہ کی مرضی سے ہو جاتا ہے۔ ایسا تب ہوتا ہے جب بل کے منظور کنندہ کے پاس بل کی رقم کی ادائیگی کے لیے اتنا پیسہ (فنڈ) ہوتا ہے کہ وہ ادائیگی کی تاریخ سے قبل بل کی ادائیگی کر دے۔ اس صورت میں وہ بل کے حامل سے واجب الادا تاریخ یا ادائیگی کی تاریخ سے قبل رقم کی ادائیگی کے لیے درخواست کرتا ہے اور جب حامل ایسا کرنے کے لیے راضی ہو جاتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ بل قبل از وقت ادا کر دیا گیا۔

مقررہ مدّت کے اختتام سے قبل بل کے ادا ہو جانے سے بل کے لین دین سے متعلق سب معاملات ختم ہو جاتے ہیں۔

بل کی قبل از وقت ادائیگی کو بڑھاوا دینے کی غرض سے بل کا حامل کچھ رعایت یا چھوٹ (Rebate) دیتا ہے جس کا حساب بل کی قبل از وقت ادائیگی کی تاریخ اور واجب الادا تاریخ کے بیچ کی مدّت پر نکالا جاتا ہے۔

بل کی قبل از وقت ادائیگی کے کھاتہ داری عمل کا بالکل وہی طریقہ ہے جو منظور کنندہ کے ذریعے بل کی واجب الادا تاریخ پر ادائیگی کے لیے عام طور سے اختیار کیا جاتا ہے۔ ان دونوں میں بس اتنا فرق ہے کہ قبل از وقت بل کی ادائیگی کے لیے کچھ رعایت طلب کی جاتی ہے۔ اس کے تحت مندرجہ ذیل جرنل اندراج کیے جاتے ہیں۔

حامل کی کتابوں میں

بل کی قبل از وقت ادائیگی اور دی گئی چھوٹ

| | |
|---|---|
| Cash A/c | Dr. |
| Rebate on bills A/c | Dr. |
| To Bills Receivables A/c | |

مرتب الیہ کی کتابوں میں

| | |
|---|---|
| Bills Payable A/c | Dr. |
| Cash A/c | Dr. |
| To Rebate on Bills A/c | |

1 جنوری 2010 کو امت نے ببلی کو 10,000 روپے کا مال فروخت کیا اور فوراً ہی ببلی پر ایک بل تین ماہ کی مدّت کا اس رقم کا لکھا ببلی نے بل منظور کیا اور اسے امِت کو واپس کر دیا۔ 04، مارچ 2010 کو ببلی نے اپنی منظوری کو 6% سالانہ چھوٹ کی شرح سے قبل از وقت ادا کر دیا۔

© NCERT not to be republished

## امت کی کتابوں میں
## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|
| 2010<br>01، جنوری | Babli's A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Sales A/c | | | 10,000 |
| | (بلی کو سامان بیچا) | | | |
| 01، جنوری | Bills Receivable A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Babli's A/c | | | 10,000 |
| | (بلی سے تین ماہ کی منظوری ملی) | | | |
| 04، مارچ | Bank A/c Dr. | | 9,950 | |
| | Rebate on Bills A/c Dr. | | 50 | |
| | To Bills Receivable | | | 10,000 |
| | (بلی نے بل قبل از وقت ادا کیا اور اُسے چھوٹ دی گئی) | | | |

ان اندراجات کو بہی کھاتہ (Ledger) میں مندرجہ ذیل طریقے سے پوسٹ (Post) کیا جائے گا۔

### بلی کا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>1 جنوری | سیلز | | 10,000 | 2006<br>06، جنوری | بل قابلِ ادا | | 10,000 |
| | | | 10,000 | | | | 10,000 |

### قابلِ وصول بل کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010<br>01 جنوری | سیلز | | 10,000 | 2010<br>04، مارچ | نقد | | 9,950 |
| | | | | | بل پر نقد چھوٹ | | 50 |
| | | | 10,000 | | | | 10,000 |

© NCERT not to be republished

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | کھاتہ نمبر | نام رقم | جمع رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | | |
| 01، جنوری | Purchases A/c | Dr. | | 10,000 | |
| | To Amit A/c | | | | 10,000 |
| | (امت سے مال خریدا) | | | | |
| 01، جنوری | Amit's A/c | Dr. | | 10,000 | |
| | To Bills Payable A/c | | | | 10,000 |
| | (اِمت کا تین ماہ کے بعد قابل ادائیگی ڈرافٹ منظور کیا) | | | | |
| 04، مارچ | Bills Payable A/c | Dr. | | 10,000 | |
| | To Cash A/c | | | | 9,950 |
| | To Rebate on Bills A/c | | | | 50 |
| | (بل کی قبل از وقت ادائیگی کی اور چھوٹ ملی) | | | | |

## امت کا کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2006 | | | |
| 01 جنوری | Bills Payable | | 10,000 | 04، جنوری | Purchases | | 10,000 |
| | | | 10,000 | | | | 10,000 |

## قابلِ ادا بل کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2010 | | | | 2010 | | | |
| 01 جنوری | Cash | | 9,950 | 01، جنوری | Amit | | 10,000 |
| | Rebate on Bill | | 50 | | | | |
| | | | 10,000 | | | | 10,000 |

© NCERT not to be republished

## 8.11 قابلِ وصول بل اور قابلِ ادا بل کی کتابیں (Bills Receivable and Bills Payable Books)

جب حاصل شدہ اور منظور شدہ بلوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتو کھاتہ داری کتابوں میں ان بلوں کے لین دین سے متعلق جرنل میں اندراج کر کے ان کا ریکارڈ رکھنا بہت پیچیدہ اور وقت طلب عمل ہے۔ ان حالات میں یہی مناسب ہے کہ ان کے ریکارڈ کے لیے الگ معاون یا ضمنی کتابیں (Subsidiary Books) رکھی جائیں۔ اس طرح قابل وصول بلوں کا اندراج قابل وصول بلوں کی کتاب میں اور قابل ادائیگی بلوں کا اندراج قابل ادائیگی بلوں کی کتاب میں کیا جائے۔ بلوں کے لین دین کے ریکارڈ کے لیے معاون یا ضمنی کتابیں رکھنے کا مقصد نقد یا خریداریوں کی دوسری معاون کتابیں رکھنے جیسا ہی ہے۔ ان دونوں معاون کتابوں کے ضمن میں ایک اہم بات یہ ہے کہ ان میں صرف بل کو بنانے اور منظور کرنے سے متعلق لین دین ہی لکھے جاتے ہیں جبکہ بل سے متعلق دوسرے لین دین جیسے بل بھُنانا، بیچان، قبل از وقت ادائیگی، اور تجدید وغیرہ کا صرف سرسری حوالہ ہوتا ہے جبکہ ان سے متعلق اندراج جرنل میں ہی کیا جاتا ہے۔ ایک اور اہم بات یہ ہے۔ کہ ان بلوں کی ادائیگی سے متعلق اندراج کو کیش بُک میں ہی دکھایا جاتا ہے۔

### 8.11.1 قابلِ وصول بل کتاب (Bills Receivable Book)

قابلِ وصول بل کتاب کو مرتب کے ذریعے وصول کردہ باقاعدہ طور پر منظور شدہ بل سے متعلق اطلاعات کے خلاصہ کے طور پر ترتیب دیا گیا ہے۔ بل سے متعلق تمام تفصیلات، تاریخ، منظور کنندہ کا نام، رقم، مدّت، مقام ادائیگی وغیرہ کو مستقبل کے حوالے کے لیے قابل وصول بل کتاب میں درج کیا جاتا ہے۔

قابلِ وصول بل کتاب کا خاکہ نیچے شکل 8.3 میں دیا گیا ہے:

| بل کا نمبر | وصول ہونے کی تاریخ | بل کی تاریخ | کس سے وصول کیا گیا | مرتب | منظور کنندہ | کہاں قابلِ ادا ہے | مدّت | ادائیگی کی تاریخ | لیجر فولیو | رقم | کیش بک صفحہ نمبر | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | | |

**شکل 8.3:** قابلِ وصول بل کتاب کا خاکہ

دیگر معاون کتابوں کی طرح قابل وصول بل کتاب کا بھی میعادی طور پر میزان کیا جاتا ہے۔ اس ٹوٹل (کل میزان) سے قابلِ وصول بل کھاتہ کو ڈیبٹ کر دیا جاتا ہے جبکہ ہر دین دار کا شخصی کھاتہ جس سے بل حاصل کیا ہے بہی کھاتے میں کریڈٹ کر دیا جاتا ہے۔ قابلِ وصول بل کھاتہ، اثاثہ کا ایک کھاتہ ہے۔ اس کا ہمیشہ ڈیبٹ بقایا ہوتا ہے۔ کسی بھی تاریخ کو اس بقایا کا مطلب ہے کہ قابلِ وصول بل کی رقم کی ابھی تاریخ ادائیگی نہیں آئی اور وہ ہاتھ میں ہے۔

### 8.11.2 قابلِ ادا بل کتاب (Bills Payable Book)

قابلِ ادا بل کتاب بھی قابل وصول بل کتاب کی طرح تیار کی جاتی ہے۔ اس کتاب کو منظور کنندہ یا شخص یا فریق کے منظور شدہ بل سے متعلق تمام تفصیلات جنہیں ضرورت کے وقت مستقبل میں کام آنے کے لیے محفوظ رکھا جاتا ہے، کو ریکارڈ کے لیے رکھا جاتا ہے۔

بل قابلِ ادا کتاب بھی قابلِ وصول بل کتاب کی طرح تیار کی جاتی ہے۔ اس کتاب میں منظور کنندہ شخص یا فریق کے منظور شدہ بل سے متعلق وہ تمام تفصیلات ریکارڈ رکھی جاتی ہیں جو ضرورت کے وقت مستقبل میں کام آتی ہیں۔

بل قابل ادا کا خاکہ شکل نمبر 8.4 میں دیا گیا ہے:

**قابلِ ادا بل کتاب (Bills Payable Book)**

| کیفیت | کیش بک کا صفحہ نمبر | ادائیگی کی تاریخ | رقم | بہی کھاتے کا صفحہ نمبر | ادائیگی کی تاریخ | مدت | کہاں قابلِ ادا ہے | مرتب الیہ/ یابندہ | مرتب | کس کو دیا گیا | بل کی تاریخ | بل کا نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | | |

**شکل 8.4 قابلِ ادا بل کا نمونہ**

ان کتابوں سے ہر اس لین دار (Creditor) کے کھاتہ کے ڈیبٹ میں پوسٹنگ کی جاتی ہے جسے منظوری دے دی گئی ہو اور کتاب کے میعادی (Periodical) میزان سے قابلِ ادا بل کھاتہ کو کریڈٹ کر دیا جاتا ہے۔ قابلِ ادا بل کھاتے کا بقایا (اگر ہو تو) ہمیشہ کریڈٹ ہوتا ہے کیونکہ یہ بل کے منظور کنندہ کی بل کے منظور کیے جانے کی دین داری کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کھاتہ کا کریڈٹ بقایا کسی بھی مقرّرہ تاریخ پر وہی ہونا چاہئے جو قابلِ ادا بل کتاب میں دیے قابلِ ادا بلوں کا میزان ہے، جو اب تک ادائیگی کے لیے وصول نہیں ہوئے۔ مثال کے طور پر ہم دیکھتے ہیں کہ مندرجہ ذیل لین دین کا اندراج کس طرح قابلِ وصول بل اور قابلِ ادا بل کی کتابوں میں کیا گیا ہے اور بہی کھاتوں میں کس طرح پوسٹ کیا گیا ہے۔

## (Bills Receivable Book)قابلِ وصول بل کتاب

| بل کا نمبر | بل کی تاریخ 2006 | تاریخ وصولی 2006 | کس سے حاصل ہوا | مرتب | منظور کنندہ | کہاں قابل ادا ہے | مدّت قابل ادائیگی | ادائیگی کی 2006 تاریخ | بہی کھاتہ صفحہ نمبر | رقم روپے | کیش بک صفحہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | 07،جنوری | 04،جنوری | S.Mitra | Self | S.Mitra | Bombay | 3 ماہ | 17، اپریل | | 1,32,500 | | |
| 02 | 15،جنوری | 14،جنوری | R.Rakesh | Do | R.Rakesh | Amritsar | 1 ماہ | 17،فروری | | 25,500 | | |
| 03 | 21،جنوری | 21،جنوری | G.Ghosh | Do | G.Ghosh | Calcutta | 2 ماہ | 24،مارچ | | 31,000 | | |
| 04 | 22،جنوری | 17 جنوری | D.Dhiman | D.Dhiman | A.Vakil | Bombay | 3 ماہ | 20،اپریل | | 20,000 | | |
| 05 | 23،جنوری | 23،جنوری | D.Kanga | Self | K.Kanga | Bangalore | 1 ماہ | 26،فروری | | 30,000 | | |
| 06 | 27،جنوری | 20،جنوری | C.Shah | M.Meyers | P.Parson | Madras | 2 ماہ | 23،مارچ | | 35,000 | | |
| | | | | | | | | ٹوٹل | روپے | **2,73,500** | | |

## (Bills Payable Book)بل قابلِ ادا کتاب

| بل کا نمبر | بل کی تاریخ 2006 | کس کو دیا گیا | مرتب | یابندہ | کہاں قابلِ ادا ہے | مدت | ادائیگی کی تاریخ 2006 | بہی کھاتہ صفحہ نمبر | رقم روپے | ادائیگی کی تاریخ | کیش بک کا صفحہ نمبر | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | 09،جنوری | S.Warden | S.Warden | – | – | 2 ماہ | 31، مارچ | | 97,000 | | | |
| 02 | 13 جنوری | Pradhan | Pradhan | – | – | 3 ماہ | 16 ، اپریل | | 39,000 | | | |
| 03 | 18، جنوری | S.Parkar | S.Parker | – | – | 2 ماہ | 21، مارچ | | 42,000 | | | |
| 04 | 31،جنوری | A.Roberts | A.Robert | – | – | 1 ماہ | 03، مارچ | | 21,000 | | | |
| | | | | | | | کل | **Rs.** | **1,99,500** | | | |

© NCERT not to be republished

2006

(i) 07، جنوری

ایس۔ متا سے، 4 جنوری کا 1,32,000 وپے کا باقاعدہ طور پر منظور شدہ بل تین ماہ بعد کی مدت کا حاصل ہوا۔

(ii) 09، جنوری

ایس۔ وارڈن کا دو ماہ کی مدّت کا 9,70,000 روپے کا ڈرافٹ منظور ہوا۔

(iii) 13، جنوری

پردھان نے تاجر پر تین ماہ کی مدّت کا ایک بل لکھا اور اُسے 39,000 روپے میں منظور کر لیا۔

(iv) 14، جنوری

آر۔ راکیش پر ایک ماہ کی مدّت کا ایک بل 25,000 روپے کا لکھا اور اُس نے دوسرے روز اُسے منظور کر لیا۔

(v) 18، جنوری

ایس پارکر کو دو ماہ کی مدّت پر 42,000 روپے کی منظوری دی۔

(vi) 21، جنوری

جی۔ گھوش نے 31,000 روپے کی دو ماہ کی مدّت کے لیے اس کی منظور حاصل کر لی۔

(vii) 22، جنوری

ڈی۔ ڈھیمن سے اے۔ وکیل کی منظوری 20,000 روپے کے لیے تین ماہ کی مدّت (17 جنوری سے) پر حاصل کی۔

(viii) 23، جنوری

کے۔ گنگا نے ایک ماہ کی مدّت کا میرا 30,000 روپے کا ایک ڈرافٹ منظور کیا۔

(ix) 27، جنوری

سی۔ شاہ سے 35,000 روپے کا بل بتاریخ 20 جنوری دو ماہ کی مدّت کا حاصل کیا جو پی۔ پارسن کے ذریعے منظور کیا گیا اور ایم۔ میرس کے ذریعے لکھا گیا۔

(x) 31 جنوری

دو ماہ کی مدّت کی 21,500 روپے کی منظوری اے۔ روبرٹس کو دی۔

دی گئی، اندراجات کی پوسٹنگ مندرجہ ذیل ہے:

### ایس مترا کا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2006 | | | | 2006 | | | |
| 1، جنوری | Sales | | 1,32,500 | 7، جنوری | Bills Receivable | | 13,32,500 |
| | | | 1,32,500 | | | | 13,32,500 |

## آر۔راکیش کا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2006<br>14،جنوری | Sales | | 25,000 | 2006<br>15،جنوری | Bills Receivable | | 25,000 |
| | | | 25,000 | | | | 25,000 |

## جی۔گھوش کا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے | تاریخ | تفصیل | J.F. | رقم روپے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2006<br>21،جنوری | Sales | | 31,000 | 2006<br>21،جولائی | Bills Receivable | | 31,000 |
